Digitized by Khilafat Library Rabwah

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے بارے میں تازہ اطلاع :

دِل کی حالت نسبتاً بہتر ہے لیکن ابھی تک باعثِ تشویش ہے

احباب اپنے پیارے آقا کی شفایابی اور صحت و سلامتی کے لئے دُعاؤں اور صدقات کا سلسلہ جاری رکھیں:

اسلام آباد : ۴ر احسان / جون بوقت ۸ بجے صبح (بذریعہ فون) حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے بارے میں مکرم ڈاکٹر مرزا مبشر احمد صاحب کی طرف سے آمدہ اطلاع حسبِ ذیل ہے :۔

"رات کچھ بے چینی اور بے خوابی کی تکلیف رہی۔ دِل کی حالت نسبتاً بہتر ہے۔ اور سانس کی کیفیت بھی معمول پر آرہی ہے لیکن بیماری کی وجہ سے کمزوری کا اثر نمایاں ہے۔ خون میں شکر کی مقدار بتدریج کم ہو کر تندرستی کی طرف مائل ہے۔

انگلستان سے آنے والے ماہرِ امراضِ قلب ڈاکٹر جینکنز (Jankins) کے مشورہ کے مطابق علاج جاری ہے لیکن چونکہ بیماری کا حملہ بہت شدید تھا اس لئے دِل کی حالت ابھی تک باعثِ تشویش ہے۔"

قبل ازیں مورخہ ۳ر جون بوقت ۸ بجے شب بذریعہ فون مکرم ڈاکٹر مرزا مبشر احمد صاحب کی طرف سے حسبِ ذیل اطلاع موصول ہوئی تھی :۔

"اللہ تعالیٰ کے فضل سے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی طبیعت آج دن میں نسبتاً بہتر رہی۔ صبح دوبارہ چھاتی کا ایکسرے کیا گیا اور بائیں پھیپھڑے میں ہلکی سی سوزش کی علامات موجود ہیں۔ ذیابیطس بھی تا حال بڑھی ہوئی ہے۔ شام کو چھ بجے انگلستان سے آئے ہوئے ماہرِ امراضِ قلب ڈاکٹر جینکنز (Jankins) نے دوبارہ حضور کا معائنہ کیا۔ دِل کی کمزوری کی علامات دُور ہو رہی ہیں۔ اور دھڑکن بھی اب نسبتاً کم ہے۔ لیکن صورتِ حال ابھی تک باعثِ تشویش ہے۔"

احباب اپنے پیارے آقا کی شفایابی اور صحت و سلامتی اور درازیٔ عمر کے لئے دردِ دل کے ساتھ دُعاؤں اور صدقات اور نوافل اور نمازِ تہجد کا سلسلہ جاری رکھیں۔ تاکہ ہمارا شافی خدا ہماری عاجزانہ دعاؤں کو قبول فرماتے ہوئے اپنے خاص فضل سے ہمارے آقا کو صحتِ کاملہ و عاجلہ سے نوازے۔ آمین ۔

روزنامہ الفضل ضمیمہ ربوہ

۴ر احسان ۱۳۶۱ ہش
بمطابق
۴ر جون ۱۹۸۲ء

پبلشر: مسعود احمد ، پرنٹر: سید عبدالحی ۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ ۔ مقام اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ ۔ ایڈیٹر: مسعود احمد دہلوی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

حقائق الفرقان

الجزء الثالث

قیمت ۱۲ روپیہ
مجلد
ملنے کا پتہ